© rasailojaraid.com

# دعوت فکر

عیسائی مسلم تعلقات پر ایک ماہانہ خبر نامہ (FOCUS) اسلامک فاؤنڈیشن لیسٹر سے شائع ہوتا ہے۔ یہ اپنی طرز کا واحد اور بے مثال خبر نامہ ہے جسے مسلمان باوثوق مسیحی ذرائع ابلاغ کے حوالے سے مسلمانوں ہی کے لیے مرتب اور شائع کرتے ہیں۔ منتہائے مقصود یہ ہے کہ عالم اسلام اور دنیا میں جہاں کہیں مسلمان آباد ہیں ان معتبر معلومات سے جن کا تعلق مشنری سرگرمیوں، عیسائی مسلم تعلقات پر اثر انداز ہونے والے واقعات اور مسیحی نظریے اور عمل کی رفتار و ترقی سے ہے، باخبر رہیں۔ انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز اسلام آباد نے اس خبر نامے کی اہمیت اور افادیت کو مد نظر رکھتے ہوئے اس کا اردو ترجمہ اسلامک فاؤنڈیشن لیسٹر کے اشتراک و تعاون سے شائع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

عیسائی مسلم تعلقات کے حوالے سے پاکستانی اخبارات میں شائع ہونے والے مضامین اور خبریں بھی اس کا حصہ ہیں جن سے پاکستان میں عیسائی مسلم تعلقات پر روشنی پڑ سکتی ہے۔

اس اہم اور دوررس اقدام کے نتائج و عواقب تو مستقبل ہی میں ظاہر ہونگے، سردست ہم گزارش کریں گے کہ "عالم اسلام اور عیسائیت" کی سلسلہ وار اشاعت کا مقصد مسیحی برادری کی سرگرمیوں کو معروضی انداز میں پیش کرنا ہے تاکہ ہمارے دینی، علمی اور تحقیقی ادارے اسلامی تعلیم و تحقیق کے تقاضوں کو عملی جامہ پہناتے وقت ان سے بھرپور استفادہ کر سکیں ہمارے مشائخ عظام، علماء کرام اور دانشور حضرات ان سے آگاہ ہو سکیں اور یہ ریکارڈ اردو دان طبقے کے لیے بھی کتب خانوں میں محفوظ رہے۔

پرچے کے بارے میں ہم آپ کے تبصرے، مشورے اور تجاویز کا خیر مقدم کریں گے۔

نگراں

© rasailojaraid.com